© rasailojaraid.com



مدیر اعلیٰ کے قلم سے

# بلغتہ الحیران فی ربط آیات القرآن

رئیس الموحدین حضرت مولانا حسین علی قدس اللہ سرہ العزیز آف واں بھیراں کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے فہم قرآن کا خصوصی ذوق عطا فرمایا تھا اور علماء کی ایک بڑی تعداد نے اس باب میں ان سے استفادہ کیا ہے قرآن کریم کی سورتوں اور آیات کے درمیان ربط ان کا خصوصی موضوع تھا اور اسی سلسلہ میں کے افادات کو "بلغتہ الحیران" کے عنوان سے جمع کیا گیا ہے اگرچہ بعض اہل علم اس مجموعہ کے تمام مشمولات کو حضرت مولانا حسین علی رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمودات کا درجہ نہیں دیتے اور ان کے نزدیک بعض الحاقی امور بھی اس میں خلط ملط ہو گئے ہیں تاہم مجموعی طور پر یہ قرآنی علوم کا بہت بڑا خزانہ ہے جس سے ہر صاحب علم کو استفادہ کرنا چاہیے بالخصوص قرآن کریم کے درس کا معمول رکھنے والے علماء کے لئے یہ ایک گراں قدر علمی تحفہ ہے۔ مکتبہ حنفیہ اردو بازار گوجرانوالہ اور مکتبہ سعیدیہ اودھیانہ مارکیٹ جی ٹی روڈ مینگورہ سوات نے مشترکہ طور پر اسے شائع کیا ہے لیکن کتابت، کاغذ اور چھپائی اس عظیم علمی ذخیرہ کے شایان شان نہیں ہے بڑے سائز کے ساڑھے چار سو صفحات پر مشتمل اس مجموعہ کی قیمت ایک سو اسی روپے ہے۔

# تعارف فقہ

سید مشتاق علی شاہ صاحب نے اس مجموعہ میں فقہ کے لغوی اور شرعی مفہوم، ضرورت فقہ، فضائل فقہ، تاریخ و تدوین فقہ، اصول فقہ، بڑے بڑے فقہا کے حالات، فقہ حنفی کی اہم کتب کے تعارف اور فقہ حنفی پر کیے جانے والے اہم اعتراضات کے جوابات جیسے عنوانات پر معلوماتی مضامین کو یکجا کر دیا ہے جو فقہ کی ضرورت و اہمیت کو سمجھنے کے لئے بہت مفید ہیں چھ سو کے لگ بھگ صفحات کے اس مجلد مجموعہ کی قیمت ایک سو روپے ہے اور مکتبہ حنفیہ اردو بازار گوجرانوالہ نے اسے شائع کیا ہے۔

# عالم اسلام اور عیسائیت

انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد ایک علمی و تحقیقی ادارہ ہے جو سینٹر پروفیسر خورشید احمد صاحب کی سربراہی میں کام کر رہا ہے اسی ادارہ کی طرف سے "عالم اسلام اور عیسائیت" کے عنوان سے ایک مستقل ماہنامہ شائع ہوتا ہے جس کا موضوع اس کے عنوان سے ہی ظاہر ہے محترم جناب



© rasailojaraid.com